کروناوائرس اور اس کا سدباب اسلامی تعلیمات کی روشنی میں

COVID-19 AND ITS REMEDIES IN THE LIGHT OF ISLAMIC TEACHINGS

Mian Faizan Ahmed
Ph.D. Scholar, Department of Comparative Religion and Islamic Culture, University of Sindh Jamshoro:
faizan.arain@scholars.usindh.edu.pk

Shoaib Ahmed
Assistant Professor, Department BSRS University, Mehran University:
shoaib.kalhoro@faculty.muet.edu.pk

Anas Mehmood
Ph.D. Scholar, Department of Comparative Religion and Islamic Culture, University of Sindh Jamshoro:
anasmehmood190@gmail.com

Abstract

This article examines how Islam calls on Muslims to use caution in the event of a pandemic disaster. Islam's sacred book, the Quran, is regarded by Muslims as the inspired word of God and is a reliable source of instruction languifical government advice on science. This research explores the Quranic claim that Muslims must perform charity works and persevere in the goal of actively finding solutions to issues people encounter rather than merely fatalistically yielding to fate and Allah's might alone, in the face of a pandemic catastrophe. In this regard, the Quran encourages Muslims to exercise care and take steps to prevent the spread of sickness, engage in acts of charity, persevere, and avoid falling for malicious rumors. It also urges Muslims to put their faith in religious and medical authorities during times of crisis. This paper analyzes the rise of the novel coronavirus (Covid19) around the world and its effect as several publications have highlighted. It also discusses the unsolved controversies related to the virus and the relevant replies from the Islamic sources especially the hadith/Sunnah of the Prophet Muhammad PBUH. It concludes that Islam had the best ability to deal with the given situation of the pandemic but it has definitely awakened the scholars around the world to keep viewing this phenomenon with other dimensions as well.

Keywords: *coronavirus, impacts, Islam, disaster, pandemic crisis.*

کرونا وائرس اور اس کا پھیلاؤ

2019 کے آغاز میں ہی دنیا نے ایک ایسی بیماری کا سامنا کیا جس کے متعلق شاید ہی کبھی کسی نے سوچا یا سنا ہو۔ اس بیماری کو محققین نے کرونا وائرس (Covid-19) کے کوڈ نام سے موسوم کیا۔ حقیقتاً یہ وائرس سانس کی بیماریوں کی اقسام میں سے ایک ہے جو شدید ریسپائریٹری سنڈروم کورونا وائرس 2 (SARS-CoV-2) کے انفیکشن کے نتیجے انسانوں کو لاحق ہو جاتی ہے۔[1] ناکافی حفاظتی انتظامات کی وجہ سے دیکھتے ہی دیکھتے چند ماہ میں یہ بیماری پوری دنیا میں پھیل گئی اور بقائے انسانیت اور صحت مند معاشرے کے قیام کے لیے یہ بیماری ایک عالمی چیلنج بن کر سامنے آئی۔ اس کے علاوہ کرونا وائرس کی اس بیماری کے نتیجے میں اٹھنے والے بحران نے تیزی سے دنیا کے بیشتر ممالک کے اہم ترین سماجی، معاشی، صحت اور ماحولیاتی نظاموں کو نہ صرف متاثر کیا ہے بلکہ ان کے لیے ایک چیلنج بھی بن گئی ہے۔[2/3/4/5/6]

---

[1] Chih Cheng Lai et al., "Severe Acute Respiratory Syndrome Coronavirus 2 (SARS-CoV-2) and Coronavirus Disease-2019 (COVID-19): The Epidemic and the Challenges," *International Journal of Antimicrobial Agents* 55, no. 3 (March 1, 2020), https://doi.org/10.1016/j.ijantimicag.2020.105924.

[2] Afnan Radwan and Eqbal Radwan, "Social and Economic Impact of School Closure during the Outbreak of the COVID-19 Pandemic: A Quick Online Survey in the Gaza Strip," *Pedagogical Research* 5, no. 4 (May 11, 2020): em0068, https://doi.org/10.29333/PR/8254.

[3] Eqbal Radwan and Afnan Radwan, "The Spread of the Pandemic of Social Media Panic during the COVID-19 Outbreak," *European Journal of Environment and Public Health* 4, no. 2 (May 17, 2020): em0044, https://doi.org/10.29333/EJEPH/8277.

[4] Eqbal Radwan, Afnan Radwan, and Wala Radwan, "The Mental Health of School Students and the COVID-19 Pandemic," *Aquademia* 4, no. 2 (July 17, 2020): ep20020, https://doi.org/10.29333/AQUADEMIA/8394.

[5] Eqbal Radwan, Afnan Radwan, and Walaa Radwan, "Challenges Facing Older Adults during the COVID-19 Outbreak," *European Journal of Environment and Public Health* 5, no. 1 (August 6, 2020): em0059, https://doi.org/10.29333/EJEPH/8457.

[6] Philip N. Cohen, "The COVID-19 Epidemic in Rural U.S. Counties," European Journal of Environment and Public Health 4, no. 2 (June 8, 2020): em0050, https://doi.org/10.29333/EJEPH/8331.

دسمبر ۲۰۱۹ء میں کروناوائرس کا پہلا کیس دنیا کے سامنے آیا اور اس کا آغاز ایک چینی شہر ووہان سے ہوا [7] جہاں کروناوائرس نے پہلی بار اپنے پنجے گاڑے۔ چین میں سر اٹھانے اور قدم جمانے کے بعد یہ وائرس یہاں سے نکلا اور نہایت تیزی سے دنیا کے متعدد ممالک میں پھیلنے لگا [8] اور دیکھتے ہی دیکھتے اس وائرس نے پوری دنیا کے ممالک کو متاثر کر ڈالا۔ حتیٰ کہ ۷ جنوری ۲۰۲۲ء تک کروناوائرس پوری دنیا میں موجود ممالک کے لاکھوں کروڑوں افراد پر تباہ کن اثرات مرتب کر چکا تھا۔ ان متاثرہ افراد میں کچھ لوگ ایسے بھی تھے جو اس وائرس سے لڑنے میں کامیاب ہو گئے مگر لوگوں کی بہت بڑی تعداد اس وائرس کے نتیجے میں موت کے گھاٹ اتر گئی۔ چوں کہ کروناوائرس نے عالمی پیمانے پر تباہ کن اثرات چھوڑے تھے لہذا اس وجہ سے اس بیماری کو پوری دنیا میں تشویش ناک نظر سے دیکھا گیا ہے۔ [9]

۱۱ فروری ۲۰۲۰ء کو صحت کے عالمی ادارے (World Health Organization) نے کروناوائرس کی اس وبا کو (COVID-19) کا کوڈ نام دیا جب کہ وائرسز پر کام کرنے والی بین الاقوامی کمیٹی برائے ٹیکسونومی نے پرانے عارضی طور پر دیئے گئے (nCoV-2019) کا نام تبدیل کرتے ہوئے اس کا نام شدید سانس کے سنڈروم کورونا وائرس-2 (SARS-CoV-2) رکھ دیا تھا۔ [10]

ابتدائی تحقیقات کے مطابق سائنس دانوں نے یہ امکان ظاہر کیا کہ یہ وائرس ایک مخصوص قسم کی مچھلی اور جنگلی جانوروں کی منڈیوں سے پھیلتا ہے جہاں جانوروں اور انسانوں کے باہمی ربط کی وجہ سے یہ وائرس انسانوں میں منتقل ہو جاتا ہے۔ محققین نے یہ بھی خدشہ پیش کیا کہ SARS-CoV-2 کی انسان سے انسان میں سانس کی

---

[7] Hongzhou Lu, Charles W. Stratton, and Yi Wei Tang, "Outbreak of Pneumonia of Unknown Etiology in Wuhan, China: The Mystery and the Miracle," *Journal of Medical Virology* 92, no. 4 (April 1, 2020): 401–2, https://doi.org/10.1002/JMV.25678.

[8] Chen Wang et al., "A Novel Coronavirus Outbreak of Global Health Concern," *The Lancet* 395, no. 10223 (February 15, 2020): 470–73, https://doi.org/10.1016/S0140-6736(20)30185-9.

[9] "COVID Live - Coronavirus Statistics - Worldometer," accessed January 7, 2022, https://www.worldometers.info/coronavirus/#countries.

[10] Alexander E. Gorbalenya et al., "Severe Acute Respiratory Syndrome-Related Coronavirus: The Species and Its Viruses – a Statement of the Coronavirus Study Group," *BioRxiv*, 2020, https://doi.org/10.1101/2020.02.07.937862.

بوندوں یا براہ راست رابطے میل جول کے ذریعے منتقل ہوئی ہے۔[11] مزید برآں ایک تحقیق کے مطابق 41 فیصد مریضوں میں SARS-CoV-2 کی ہسپتالوں سے منتقلی کا شبہ ظاہر کیا گیا ہے۔[12] کرونا وائرس انفیکشن کے تیزی سے بڑھتے ہوئے کیسز کے شواہد[13] کی بنیاد پر[14] SARS-CoV-2 کی انسانوں میں موثر طریقے سے منتقل ہونے کی صلاحیت کا اندازہ لگایا گیا کہ یہ ایک غیر علامتی بیماری ہے اور اس کے پھیلنے کے امکانات زبردست ہیں۔[15] SARS-CoV-2 کی اعلی منتقلی کی اس کارکردگی میں تحقیقات نے یہ بھی بتایا کہ اس کے پھیلاؤ کے اسباب میں عالمی سفر نے اس بیماری کے دنیا بھر میں پھیلاؤ کو مزید بڑھایا۔[16] عالمی ادارہ صحت (W.H.O) نے H1N1 کو (2009)، پولیو کو (2014)، مغربی افریقہ میں ایبولا کو (2014)، زیکا کو (2016) اور جمہوری جمہوریہ کانگو میں ایبولا کو (2019) کے بعد، COVID-19 کی وباء کے بین الاقوامی پھیلاؤ کو چھٹی بین الاقوامی

---

[11] W. Graham Carlos et al., "Novel Wuhan (2019-NCoV) Coronavirus," *American Journal of Respiratory and Critical Care Medicine* 201, no. 4 (February 15, 2020): P7–8, https://doi.org/10.1164/RCCM.2014P7.

[12] Dawei Wang et al., "Clinical Characteristics of 138 Hospitalized Patients with 2019 Novel Coronavirus-Infected Pneumonia in Wuhan, China," *JAMA - Journal of the American Medical Association* 323, no. 11 (March 17, 2020): 1061–69, https://doi.org/10.1001/JAMA.2020.1585.

[13] Shi Zhao et al., "Preliminary Estimation of the Basic Reproduction Number of Novel Coronavirus (2019-NCoV) in China, from 2019 to 2020: A Data-Driven Analysis in the Early Phase of the Outbreak," *International Journal of Infectious Diseases* 92 (March 1, 2020): 214–17, https://doi.org/10.1016/j.ijid.2020.01.050.

[14] Cristian Biscayart et al., "The next Big Threat to Global Health? 2019 Novel Coronavirus (2019-NCoV): What Advice Can We Give to Travellers? – Interim Recommendations January 2020, from the Latin-American Society for Travel Medicine (SLAMVI)," *Travel Medicine and Infectious Disease* 33 (January 1, 2020), https://doi.org/10.1016/j.tmaid.2020.101567.

[15] Vincent J. Munster et al., "A Novel Coronavirus Emerging in China — Key Questions for Impact Assessment," *New England Journal of Medicine* 382, no. 8 (February 20, 2020): 692–94, https://doi.org/10.1056/NEJMP2000929.

[16] Biscayart et al., "The next Big Threat to Global Health? 2019 Novel Coronavirus (2019-NCoV): What Advice Can We Give to Travellers? – Interim Recommendations January 2020, from the Latin-American Society for Travel Medicine (SLAMVI)."

تشویش یافتہ عوامی صحت عامہ کی ایمرجنسی قرار دیا۔ لہذا، صحت کے کارکنوں، حکومتوں اور عوام کو عالمی سطح پر کرونا وائرس کا پھیلاؤ روکنے کے لیے عالمی سطح پر تعاون کرنے کی ہدایات جاری کی جانے لگی۔[17]

کروناوائرس کے غیر حل شدہ مسائل

اپنے آغاز سے لے کر اب تک دنیا نے کوویڈ-۱۹ بیماری کو سمجھنے کی سر توڑ کوشش کی ہے تاہم بھرپور کوشوں کے باوجود اس بیماری سے متعلق بہت سے معاملات ابھی تک واضح نہیں ہیں، جیسا کہ ایک رپورٹ میں مریضوں کے پاخانہ میں SARS-CoV-2 کی موجودگی کو دکھایا گیا ہے[18] لیکن ابھی تک پاخانہ کے راستے سے وائرس کی کسی بھی قسم کی منتقلی غیر واضح ہے۔

دوسرا یہ کہ سابقہ تحقیقات سے پتہ چلا ہے کہ SARS-CoV-2 اور دیگر کورونا وائرس ماحولیاتی سطحوں اور بے جان اشیاء پر زندہ رہ سکتے ہیں۔[19/20] البتہ ابھی تک ماحول میں SARS-CoV-2 کی موجودگی کی اطلاع نہیں ملی ہے۔ تیسرا یہ کہ گزشتہ تحقیقات سے معلوم ہوتا ہے کہ سطحی جراثیم کش ادویات جس میں 62-71٪ ایتھنول، 0.5٪ ہائیڈروجن پر آکسائیڈ یا 0.1٪ سوڈیم ہائپو کلورائٹ کا ایک منٹ کا استعمال کرتے ہوئے کورونا وائرس کو کامیاب طریقے سے ناکام کیا جا سکتا ہے جبکہ دیگر بائیو سائیڈل ایجنٹ جیسے 0.05-0.2٪ بینزال کونیم کلورائڈ یا 0.02٪ کلورہیگسیڈین ڈائی گلوکونیٹ اس حوالے سے کم مؤثر ہیں۔[21] مزید یہ کہ اگرچہ بہت سے ممالک

---

[17] Jin Hong Yoo, "The Fight against the 2019-NCoV Outbreak: An Arduous March Has Just Begun," *Journal of Korean Medical Science* 35, no. 4 (February 3, 2020), https://doi.org/10.3346/JKMS.2020.35.E56.

[18] Michelle L. Holshue et al., "First Case of 2019 Novel Coronavirus in the United States," *New England Journal of Medicine* 382, no. 10 (March 5, 2020): 929–36, https://doi.org/10.1056/NEJMOA2001191.

[19] Lisa M. Casanova et al., "Effects of Air Temperature and Relative Humidity on Coronavirus Survival on Surfaces," *Applied and Environmental Microbiology* 76, no. 9 (May 2010): 2712–17, https://doi.org/10.1128/AEM.02291-09.

[20] G. Kampf et al., "Persistence of Coronaviruses on Inanimate Surfaces and Their Inactivation with Biocidal Agents," *Journal of Hospital Infection* 104, no. 3 (March 1, 2020): 246–51, https://doi.org/10.1016/J.JHIN.2020.01.022.

[21] Kampf et al.

میں سفری پابندیاں عائد کی گئی تھیں، لیکن تحقیقات نے ہنوز یہ واضح نہیں کیا کہ آیا یہ مداخلت کارگر ہوئی یا نہیں۔[22]

چوتھا یہ کہ اس وائرس کے اس تیزی سے پھیلنے کی بہترین وضاحت یہ کی گئی ہے کہ یہ وائرس کھانسی یا چھینک سے قطروں کے ذریعے منتقل ہوتا ہے[23] جبکہ کسی شخص کے کھانسنے یا چھینکنے کے بعد یہ وائرس ہوا میں کتنی دیر تک رہ سکتا ہے اس بارے میں ابھی بھی غیر یقینی صورتحال موجود ہے اور دنیا بھر کے نامور محققین یہ بتا رہے ہیں کہ نیا کرونا وائرس ہوا سے چلنے والا (airborne) وائرس نہیں ہے۔[24]

پانچواں یہ کہ تحقیقات یہ بتاتی ہیں کہ کوویڈ-19 کا وائرس ابتدائی طور پر (aerosolized) ہو سکتا ہے مثلاً: ہوا میں چھوٹے ذرات کی طرح ٹھہرے رہتے ہیں۔[25] جبکہ دیگر تحقیق اس سے متصادم ہے اس تحقیق کے مطابق کوویڈ- 19 کے مریضوں کے اسپتال کے کمروں میں aerosolized کورونا وائرس کے ذرات نہیں ملے[26/27]۔

کرونا وائرس کے اثرات

2019ء کے آخر میں دنیا کی صورت حال اس وقت یک دم تبدیل ہوئی جب کرونا وائرس اس کرہ ارض پر نمودار ہوا۔ جہاں اس وائرس نے زندگی کے جمیع شعبہ جات پر اثرات چھوڑے تو وہیں ہر دین سے وابستہ افراد کی

---

[22] Lai et al., "Severe Acute Respiratory Syndrome Coronavirus 2 (SARS-CoV-2) and Coronavirus Disease-2019 (COVID-19): The Epidemic and the Challenges."

[23] Mojtaba Ehsanifar, "Airborne Aerosols Particles and COVID-19 Transition," *Environmental Research* 200 (September 1, 2021): 111752, https://doi.org/10.1016/J.ENVRES.2021.111752.

[24] Dyani Lewis, "Is the Coronavirus Airborne? Experts Can't Agree," *Nature* 580, no. 7802 (April 1, 2020): 175, https://doi.org/10.1038/D41586-020-00974-W.

[25] Ehsanifar, "Airborne Aerosols Particles and COVID-19 Transition."

[26] "The Coronavirus Likely Can Remain Airborne. It Doesn't Mean We're Doomed," accessed January 8, 2022, https://www.statnews.com/2020/03/16/coronavirus-can-become-aerosol-doesnt-mean-doomed/.

[27] Neeltje van Doremalen et al., "Aerosol and Surface Stability of SARS-CoV-2 as Compared with SARS-CoV-1," *New England Journal of Medicine* 382, no. 16 (April 16, 2020): 1564–67, https://doi.org/10.1056/NEJMC2004973.

علمیت اور تعامل متواترہ پر بھی اثر پذیر ہوا ہے۔ دنیا میں کرونا وائرس پر سیاسی، معاشی، صحافتی اور طبی اعتبار سے کثیر گفتگو شروع ہو چکی ہے [28/ 29/30/31] تاہم اس معاملے کو اعتقادی تناظر میں دیکھنے کی کوشش بہت کم کی گئی ہے۔ جن لوگوں نے اس وائرس کو اعتقادی و نظریاتی لحاظ سے دیکھا ہے تو ان کا تعقل غالب (DISCOURSE) سائنسی رہا ہے حالانکہ ایک اسلامی ملک میں رہتے ہوئے اس معاملے کو سیرت طیبہ اور اسلامی علمیت کے منہج میں دیکھا جانا چاہیے۔

کرونا وائرس، عالم مسیحیت اور حدیث مبارکہ

اسلام سے قبل عالم مسیحیت اس سائنسی خوف کا شکار ہوا جب ویٹی کن سٹی میں عالم عیسائیت کے سربراہ پوپ نے ایسٹر کی مذہبی تقریبات میں شرکت کرنے سے انکار کر دیا۔[32] عالم عیسائیت کے مطابق پوپ زمین پر خدا کا نمائندہ ہے[33] مگر ایسٹر کی مذہبی تقریب میں شرکت سے انکار کر کے پوپ نے اس نمائندگی سے فعلا دستبرداری کا اعلان کیا ہے۔ ایک زمانہ ایسا بھی تھا کہ یہی پوپ بیماریوں، آفتوں اور طاعون کے زمانے میں بیماروں کے درمیان رہتا

---

[28] "Experts Debate COVID-19's Effect on Individual, Public Health Responsibilities," accessed January 8, 2022, https://www.healio.com/news/rheumatology/20210604/experts-debate-covid19s-effect-on-individual-public-health-responsibilities.

[29] "Watch: Debating COVID-19's Impacts on the International System," accessed January 8, 2022, https://www.brookings.edu/blog/order-from-chaos/2020/07/10/watch-debating-covid-19s-impacts-on-the-international-system/.

[30] "New Debate Series by EEA: How Does COVID-19 Impact the Environment and Climate? — European Environment Agency," accessed January 8, 2022, https://www.eea.europa.eu/highlights/new-debate-series-by-eea.

[31] Sathyanarayanan Doraiswamy, Sohaila Cheema, and Ravinder Mamtani, "The COVID-19 and Lifestyle Nexus: Settling the Debate.," *Global Health Promotion*, June 24, 2021, 17579759211018416, https://doi.org/10.1177/17579759211018417.

[32] "Coronavirus: Vatican Cancels Public Participation at Pope's Easter Events | The Straits Times," accessed January 8, 2022, https://www.straitstimes.com/world/europe/coronavirus-vatican-cancels-public-participation-at-popes-easter-events.

[33] "Catechism of the Catholic Church - IntraText," accessed January 8, 2022, https://www.vatican.va/archive/ENG0015/__P2A.HTM.

اور ان کے پاؤں اپنے ہاتھوں سے دھوتا تھا۔[34] دیگر پادری بھی اپنے پیشوا کی تقلید میں یہی کیا کرتے تھے لیکن جب عیسائیت نے اپنی غلطیوں کی وجہ سے سائنسی منہاجِ علمی سے شکست کھائی تو اب یہ حال ہو گیا کہ عیسائیت مذہبی بھی نہیں رہی[35] یہی وجہ ہے کہ پوپ نے عیسائیت کے مرکزی تہوار میں شرکت کرنے سے انکار کر دیا۔ عہدِ دور میں عالم اسلام بھی پوپ کی تقلید کرتے ہوئے حرم بند کر چکا ہے۔ ایسے میں بنیادی مسئلہ یہ ہے کہ کیا عالم اسلام پوپ کی تقلید کرتے ہوئے تشبہ بالکفار کر چکا ہے۔ نبی اکرم ﷺ کا فرمان عالیشان ہے کہ" من تشبه بقوم فهو منهم"[36] کہ جو جس قوم کے ساتھ مشابہت اختیار کرلے گا تو وہ ان ہی میں شمار کیا جائے گا مگر آج پورا عالم اسلام عیسائیت کی بدرجہ اتم نقالی کرتے ہوئے کروناوائرس سے اتنا خوف زدہ ہو چکا ہے کہ سائنسی توہمات سے خوفزدہ ہو کر کعبۃ اللہ تک بند کر دیا گیا ہے۔[37]

کروناوائرس، جدید فتاویٰ اور سیرت طیبہ

کروناوائرس سے متعلق جو فتاوی سامنے آئے تو وہ بھی سیرت طیبہ کو ملحوظ خاطر رکھنے کے بجائے سائنسی منہج میں دیئے گئے تھے۔ جیسا کہ ریاست کی طرف سے اعلان کیا گیا کہ کروناوائرس پھیلنے کے خدشے کے سبب مساجد کو بند کر دیا جائے چنانچہ مساجد کو بند کر دیا گیا جب کہ ہسپتالوں کو کھلا چھوڑ دیا گیا حالانکہ ہسپتال میں کورونا سے بیماری کا یقین سو فیصد ہے۔ مساجد بند رہیں مگر میڈیا ہاؤسز، بینکس، جیلیں و کارخانے وغیرہ ہر جگہ لوگوں کا اژدھام رہا مگر حکومت کو ان مقامات سے وائرس پھیلنے کا اندیشہ لاحق نہیں ہوا اور نہ ہی ان کو بند کرنے کی تجویز دی گئی جب کہ دوسری طرف مساجد کو جبراً بند کروا دیا گیا حالانکہ مسجد میں کسی نمازی کے آنے اور ٹھہرنے کا دورانیہ بمشکل دس

---

[34] "Foot Washing | Description, History, Rite, & Facts | Britannica," accessed January 8, 2022, https://www.britannica.com/topic/foot-washing.

[35] "'Christianity as Default Is Gone': The Rise of a Non-Christian Europe | Christianity | The Guardian," accessed January 8, 2022, https://www.theguardian.com/world/2018/mar/21/christianity-non-christian-europe-young-people-survey-religion.

[36] المعجم الاوسط، حدیث ۸۳۲۳، مکتبۃ المعارف، ریاض، جلد۹، ص۵۱

Middle Dictionary, Hadith8323, Knowledge Library, Riyad, Leather9, P.51

[37] "The Hajj Pilgrimage Is Canceled, and Grief Rocks the Muslim World - The New York Times," accessed January 8, 2022, https://www.nytimes.com/2020/06/23/world/middleeast/hajj-pilgrimage-canceled.html.

پندرہ منٹ ہی بنتا ہے جو کوئی بڑے خطرے کی بات نہیں ہے مگر میڈیا ہاؤسز، مینکس، نیوز روم، فیکٹریوں اور کارخانوں میں چوبیس گھنٹے کام سے کرونا پھیلنے کا خطرہ کبھی محسوس نہیں کیا گیا۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ جدید سائنس اور ریاست کے بیانیوں نے اسلامی منہج، علمیت اور سیرت طیبہ کو نہ صرف تبدیل بلکہ مسخ کر دیا ہے۔

نماز اسلام کا ایسا فریضہ ہے جو کسی حالت میں بھی معاف نہیں حتی کہ اللہ تعالیٰ نے میدان جہاد میں بھی با جماعت نماز کا نظام برقرار رکھا ہے۔[38] جدید ریاست نے کرونا وائرس کے خلاف جنگ کو میدان جہاد میں لڑی جانے والی جنگ سے بھی اہم بنا دیا ہے کہ اس کی وجہ سے باجماعت نماز کو ہی معطل کر دیا۔ میدان جنگ میں انسان حالتِ اضطرار میں ہوتا ہے جب کہ کرونا کی صورت حال میں ایسی کوئی اضطراری حالت نہیں پائی جاتی۔ دوسری طرف شریعت مطہرہ میں سب سے اہم انسانی جان کا تحفظ ہے تاہم میدان جنگ میں یقینی طور پر موت کا سامنا ہونے کو بھی ایک امکان ہی سمجھا گیا ہے اسی لیے امکانِ موت کے خوف سے نمازِ باجماعت کو معطل نہیں کیا گیا۔ لہذا کرونا سے بچنے کی خاطر مساجد بند کرنا اور حرم شریف کو خالی کروا کر طواف جیسے مقدس عمل کو روک دینا نہ صرف نصوص قرآنیہ کے خلاف ہے بل کہ سیرت مطہرہ سے بھی متباین ہے۔

کرونا وائرس کا سدباب اور جدید سائنسی بیانیے

میڈیا، سوشل میڈیا اور دیگر حکومتی ذرائع کے ذریعے یہ دلیل معاشرے میں پھیلائی گئی کہ مقاصد شریعہ میں سے ہے کہ مؤمن کی جان ہر صورت میں بچائی جائے نیز قرآن کریم میں بھی حکم دیا گیا ہے کہ خود کو ہلاکت میں نہ ڈالو[39] ایک اور جگہ وارد ہے کہ[40] چنانچہ کرونا وائرس سے مرنے کا اندیشہ ہے لہذا اس سے بچنے کے لیے مسجد کے بجائے گھر میں نماز پڑھنا اور صفوں کا اتصال چھوڑ دینا نصوص شریعہ کا تقاضا ہے۔

---

[39] القرآن الکریم سورۃ البقرہ:195۔

Al-Qur'an al-Kareem Surah Al-Baqara: 195.

[40] القرآن الکریم سورۃ النساء:29.

Al-Qur'an al-Kareem Surah Al-Nissa: 29.

شریعت مطہرہ میں دین کو پہلا اور حفاظتِ نفس کو دوسرے نمبر پر مقاصد شریعہ میں سے بتایا گیا ہے۔ دوسرے لفظوں میں دین کو نفس پر ترجیح حاصل ہے۔ اسی اصول کے تحت سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے منکرین زکوٰۃ کے خلاف فی الفور جہاد کیا۔ حضرت ابو بکر صدیق کے برعکس دیگر صحابہ کرام کی رائے تھی کہ ان لوگوں کے خلاف لشکر کشی درست نہیں کیونکہ یہ لوگ کلمہ گو ہیں مگر فقط زکوٰۃ کے منکر ہیں مگر حضرت ابو بکر صدیق نے فرمایا کہ یہ دین تو آیا ہی نماز اور زکوٰۃ کے قیام کے لیے ہے لہذا جو زکوٰۃ کی مد میں اونٹ کی رسی بھی نہیں دے گا اس کے خلاف بھی جہاد ہو گا۔ ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے اس عمل سے معلوم ہوتا ہے کہ دین کو ہر گز یہ مطلوب نہیں کہ مسجد ہو مگر اس میں جماعت وصلوٰۃ نہ ہو اور نمازی سنتِ مطہرہ اور چودہ سو سالہ تعاملِ امت کو چھوڑ کر دور دور کھڑے ہو جائیں۔ سیرت طیبہ اور سیر الصحابہ میں ایسی کوئی مثال نہیں ملتی کہ اللہ کا گھر بے رونق اور غیر آباد رہے مگر انسانوں کے گھر آباد رہیں۔ شریعتِ مطہرہ میں مطلوب ومقصود یہ ہے کہ دنیا کو آخرت کے لیے اور نفس کو دین کے لیے قربان کیا جائے۔

کرونا کے سبب سے مساجد بند کرنے کی دوسری بڑی وجہ یہ بتائی گئی کہ رسول اللہ ﷺ نے پیاز و لہسن کھا کر مسجد آنے سے منع فرمایا تھا کہ اس سے نمازیوں کو تکلیف ہوتی ہے چنانچہ بو کی وجہ سے نماز کی ممانعت کر دی گئی تا کہ جماعت میں شریک دیگر مصلی راحت پا سکیں۔ لہٰذا جب پیاز و لہسن والے کو دیگر لوگوں سے روک دیا تو کرونا کے مریض سے بچنا تو لازم ہو جاتا ہے۔

سیرت طیبہ میں یقیناً یہ واقعہ موجود ہے تاہم سیرت سے ایسا کوئی ثبوت نہیں ملتا کہ رسول اللہ ﷺ نے پیاز لہسن کھا کر آنے والوں کو باجماعت پڑھنے سے روک کر واپس لوٹا دیا۔ حدیث مبارکہ سے واضح ہوتا ہے کہ رسول اللہ ﷺ کسی ایک خاص فرد کو تنبیہ فرما رہے تھے کہ منہ صاف کر کے آؤ لہذا اس کا یہ نتیجہ نہیں نکلتا کہ اس بو کے سبب سے مساجد ہی بند کر دی جائیں اور باجماعت نماز کے مبارک عمل کو معطل کر دیا جائے۔ اس حدیث سے مساجد بند کرنے کا حکم مستنبط کرنا قیاس مع الفارق ہے۔ اس حدیث کا ایک اہم پہلو یہ بھی ہے کہ شریعت مطہرہ ہمیشہ ظاہر پر حکم لگاتی ہے اور لہسن کھا کر آنے والے شخص کے منہ کی بو بھی سب پر ظاہر ہے جب کہ کرونا ایک مخفی شے ہے اور سیرت طیبہ میں ایسا کوئی ثبوت نہیں ملتا کہ رسول اللہ ﷺ نے کسی مخفی شے پر بغیر کسی شہادت وثبوت حکم لگایا ہو۔

ایک اور دلیل یہ دی جاتی ہے کہ نبی مکرم ﷺ نے بارش کے موسم میں اعلان فرمایا کہ لوگ مسجد میں آنے کے بجائے گھر پر ہی نماز ادا کریں۔[41] اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ کرونا کی بیماری سے بچنے کے لیے لوگ گھر پر نماز ادا کریں اور باجماعت نماز کو ملتوی کر دیا جائے۔

حدیث مبارکہ کے مطابق واقعی رسول اللہ ﷺ نے لوگوں کو حکم دیا تھا کہ وہ گھر میں ہی نماز ادا کر لیں تاہم رسول اللہ ﷺ نے کہیں بھی یہ نہیں فرمایا کہ بارش کے زمانے میں مساجد میں باجماعت نماز نہیں ہو گی یا اس سارے عرصے میں مسجد کے بجائے گھر پر ہی نماز پڑھ لی جائے۔ عہد رسالت ﷺ میں ہر مسلمان کے لیے لازم تھا کہ وہ نماز باجماعت کے لیے مسجد میں حاضر ہو مگر بارش کی وجہ سے کیچڑ اور گندگی پھیلنے کے باعث ہر شخص کے لیے یہ ممکن نہ تھا کہ وہ سہولت سے مسجد پہنچ سکے اسی لیے صحابہ کرام کو مشقت سے بچانے کے لیے رسول اللہ ﷺ نے انہیں گھروں میں ہی نماز ادا کرنے کی اجازت عطا فرمادی تھی۔ اس رعایت کے نتیجے میں مسجد نبوی بند نہیں ہوئی نہ ہی مسجد میں نماز ادا کرنے کے لیے آنے والے نمازیوں کو جبراً واپس بھیجا گیا بلکہ مسجد میں باقاعدہ جماعت ہوتی رہی اور جو صحابہ مسجد میں جماعت میں شریک ہو سکتے تھے، وہ شرکت کرتے رہے اور جو مشقت اور راستے کے مصائب کی وجہ سے شریک ہونے سے قاصر رہے تو انہوں نے گھروں میں ہی نماز پڑھ لی۔ قرآن و حدیث کے مطابق مساجد اللہ تعالیٰ کے گھر ہیں:

"وَّاَنَّ الْمَسٰجِدَ لِلّٰهِ فَلَا تَدْعُوْا مَعَ اللّٰهِ اَحَدًا"[42]

" وعَنْ أَبي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُول اللَّهِ ﷺ :ومَا اجْتَمَعَ قَوْمٌ فِي بَيْتٍ مِنْ بُيوتِ اللَّهِ يَتْلُونَ كِتَابَ اللَّهِ، ويتَدَارسُونَه بيْنَهُم، إِلاَّ نَزَلتْ علَيهم السَّكِينَة، وغَشِيَتْهُمْ الرَّحْمَة، وَحَفَّتْهُم الملائِكَةُ، وذَكَرهُمْ اللَّه فِيمنْ عِنده "[43]

---

[41] امام مسلم بن حجاج نیشاپوری, الصحیح مسلم n.d., باب الصلوٰۃ فی الرحال فی المطر، حدیث نمبر :۱۶۰۰.

Imam Muslim bin Hajjaj Nishapuri, Al-Sahih Muslim, n.d. Bab-ul-Salat fi al-Rahal fi al-Muttar, Hadith No. 1600.

[42] القرآن الکریم سورۃ الجن:18.

Al-Qur'an al-Kareem Surah al-Jan: 18.

[43] نیشاپوری, الصحیح مسلم رقم الحدیث : 2699 .

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ مساجد اللہ تعالیٰ کے گھر ہیں اور خواہ سختی ہو یا مشقت انہیں ہر حال میں آباد رہنا چاہیے۔ خیر القرون میں بھی کبھی بارش کے موسم کے دوران حرمین شریفین میں نماز ادا کرنے پر پابندی نہیں رہی ہے۔

کرونا کی وبائی صورت حال کو خیر القرون میں پھیلنے والی طاعون کی وبا سے مماثل ومشابہ قرار دے کر مساجد بند کرنے کا جواز پیدا کیا گیا ہے۔ حالانکہ سیدنا عمر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر بن عبد العزیزؒ کے زمانے میں طاعون کی بیماری پھیلی تھی تو کوئی مسجد نہیں بند کی گئی اور نہ ہی طاعون کے مریضوں کو مسجد میں آنے سے روکا گیا۔ سیدنا ابو عبیدہ بن الجراح رضی اللہ عنہ کی طاعون سے شہادت کے بعد جب سیدنا معاذ رضی اللہ عنہ نے منصب امارت سنبھالا تو شہر کے تمام طاعون زدہ مریضوں کو جمع کر کے خطاب کیا اور ان سے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرو، باہمی تعلقات کو درست کرو اور مصافحہ کرو، قرض دار اپنے قرض ادا کرے۔ بظاہر ان احکامات ونصائح کا طاعون کی بیماری سے کوئی تعلق نظر نہیں آتا مگر مقاصد شریعہ کے مطابق حفاظتِ دین ہر حال میں حفاظت نفس پر مقدم ہے اسی لیے سیدنا معاذ رضی اللہ عنہ نے طاعون کے مریضوں کو حفاظتِ نفس کے بجائے حفاظتِ دین کا روحانی درس دیا۔

سیرت طیبہ ہر دور اور حالات میں یہ رہنمائی کرتی ہے کہ ہر طرح کے حالات میں قرآن وسنت کی تقلید کس طرح کی جائے۔ یہ فقط دور حاضر کا سائنسی شبہ اور وہم ہے کہ کرونا کے مریض کے آنے سے مسجد میں موجود سب لوگ بیمار ہو جائیں گے۔ ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن کے مطابق کرونا کے پھیلنے کا سب سے بڑا سبب کرنسی نوٹ ہیں۔ نیز آسٹریلین سینٹر فار ڈیزیز پریپیڈنیس کی تحقیقات کے مطابق کم از کم 28 دن تک (SARS-CoV-2) کرنسی نوٹ کی سطح پر زندہ رہ سکتا ہے۔ مگر پوری دنیا میں کہیں سے بھی کرنسی نوٹوں پر پابندی کی کوئی رقیق سی صدا بھی بلند نہیں ہوئی۔

قرآن کریم، سیرت طیبہ اور اقوال وافعال صحابہ میں کہیں ایسا کوئی ثبوت نہیں ملتا کہ وبائی صورت حال میں نماز مختصر کرنے، ایک منٹ میں خطبہ دینے، اور جمعہ کی نماز جلد از جلد ختم کر کے مسجد سے فرار ہونے کی صورت میں وباؤں اور موت سے نجات اور شفاء مل جاتی ہے۔ کرونا کی صورت حال میں قرآن وحدیث کی نصوص و

Nishapuri, Al-Sahih Muslim, 2699.

عبارات سے جدید اجتہادات کے ذریعے عبادت کے روحانی، اخلاقی و اقداری نظام کو ہی ختم کیا جا رہا ہے جو کہ سیرت طیبہ کے مزاج کے خلاف ہے۔

قرآن کریم کے مطابق انسانوں اور جنوں کو صرف اللہ تعالیٰ کی عبادت کے لیے پیدا کیا گیا ہے۔[44] اس آیت مبارکہ سے واضح ہوتا ہے کہ انسانوں اور جنوں کی تخلیق کا واحد مقصد عبادت ہے اور اس مقصد کی تکمیل کی جگہ مسجد ہے جو اللہ تعالیٰ کی سب سے پسندیدہ جگہ ہے۔ میڈیا سمیت تمام حکومتی مشنری عوام الناس کو یہ خوف دلا رہی ہے کہ مساجد غیر محفوظ ہیں مگر کوئی یہ نہیں کہہ رہا کہ فیکٹری، ہوائی جہاز، ہسپتال، منڈی وغیرہ غیر محفوظ ہیں۔ ان تمام جگہوں پر چوبیس گھنٹے کام چل رہا ہے مگر وہاں کرونا نہیں پھیل رہا جب کہ مساجد میں کرونا پھیل رہا ہے۔

اسلامی منہج میں کرونا سے علاج

سیرت مطہرہ کے مطابق ایک مسلمان کے لیے منہجِ اسلامی میں کرونا سے بچنے کا طریقہ یہی ہے کہ وہ پورے ایمان و ایقان کے ساتھ خود کو اللہ تعالیٰ کے حوالے کر دے۔ اپنے نفس کو خدائے واحد کی امان میں دے کر نماز قائم کرے خواہ اس نماز کے قیام کے لیے اس کی جان ہی کیوں نہ چلی جائے۔ نماز ہی اللہ وحدہ لا شریک سے مانگنے کا ذریعہ ہے اور ایک مسلمان نماز ہی کے ذریعے اپنے سب سے نصرت، رحمت، برکت اور حفاظت کی دعا مانگتا ہے۔ رسول اللہ ﷺ کا معمول تھا کہ گھبراہٹ، پریشانی اور آفت و مصیبت کی صورت حال میں فوراً مسجد کی طرف رجوع فرماتے اور نماز ادا کر کے دعا فرماتے اور رب الکائنات کے حضور آہ و زاری کرتے۔ معرکہِ بدر کی پوری رات رسول اللہ ﷺ اللہ تعالیٰ کے سامنے سر بسجود اور دعا میں مصروف رہے۔ آج سیرت کے ان واقعات کو امت نے فراموش کر دیا ہے تبھی کرونا کے علاج کے لیے سیرت کی بھی جدید تعبیرات کی جا رہی ہیں۔ ہر مسلمان تقدیر پر ایمان رکھتا ہے اور ہمہ وقت خود کو تقدیرِ الٰہی کے سپرد کرتا ہے۔ مسلمان کا ایمان ہوتا ہے کہ وہ مسجد میں داخل ہوتے ہی اللہ کی امان و پناہ میں آجاتا ہے۔ عصر حاضر میں مسبب الاسباب ہستی کے بجائے اسباب پر ایمان و ایقان کر لیا گیا ہے اسی لیے مساجد اور حرم شریف تک بند کر دی گئیں ہیں۔

---

[44] القرآن الکریم سورۃ الذارعات :٥٦.

Al-Qur'an al-Kareem Surah Al-Zara'at: 56.

اہل ایمان کو دن میں پانچ وقت با وضو اور پاک صاف ہو کر نماز ادا کرنے کا حکم دیا گیا ہے اور ہر مسلمان مسجد میں مصلے پر آنے سے قبل پاک صاف ہو کر آتا ہے۔ سیرت طیبہ کے مطابق کرونا جیسی صورت حال میں ہمہ وقت با وضو رہا جائے (صحابی کے با وضو رہنے کا واقعہ) کیونکہ سائنسدان اور طبیب کرونا کا یہی علاج بتا رہے ہیں۔

اب تک کرونا وائرس سے متاثر ہو کر وفات پانے والوں کی تعداد دو فیصد بھی نہیں ہے۔ کرونا سے مرنے والوں کا یہ تناسب بھی یقینی نہیں بلکہ محض امکانی ہے۔ اسلامی عقیدے کے مطابق مسلمان کو کہیں بھی موت آسکتی ہے۔

"اَیْنَ مَا تَکُوْنُوْا یُدْرِکْکُّمُ الْمَوْتُ وَلَوْ کُنْتُمْ فِیْ بُرُوْجٍ مُّشَیَّدَۃٍ"[45]

اور اس موت کا امکان سو فیصد ہے۔ اس لحاظ سے دیکھا جائے تو ایک مسلمان کو کرونا کے بجائے آخرت کی سزا سے ہمہ وقت خوف زدہ ہونا چاہیے۔ یہ ممکن نہیں کہ ایک مؤمن کے دل میں خدائے تعالی، آخرت اور یوم حساب کا خوف بھی ہو اور دوسری طرف دنیا میں موت کا خوف بھی طاری ہو۔ قرآن حکیم کے مطابق اللہ تعالیٰ نے کسی انسان کے دو دل نہیں بنائے [46] لہذا انسان کے دل میں دو خوفوں کا یکجا ہونا بھی ناممکن ہے۔ ایک ضعیف العقیدہ مسلمان بھی یہ ایمان و ایقان رکھتا ہے کہ موت برحق اور اٹل ہے اور خدائے تعالیٰ نے اس کی تقدیر تخلیقِ کائنات سے قبل ہی لکھ دی ہے لہذا بندہ مومن کی موت کا فیصلہ کسی بیماری کی وجہ سے نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کی رضا اور منشا کے مطابق پہلے سے طے شدہ ہوتا ہے۔ اسی لیے اہل ایمان کو میدان جہاد میں موت کے خوف کی وجہ سے پیٹھ پھیرنے سے منع کیا گیا ہے۔ [47] اس حکم قرآنی سے واضح ہو جاتا ہے کہ امت کو سبق دیا گیا ہے کہ میدان جہاد سے ڈرنا نہیں ہے۔ میدان جہاد سے نہ ڈرنے والی امت کو کرونا سے ڈرانا سیرت طیبہ کے مزاج کے عین خلاف ہے۔

---

[45] القرآن الکریم النسا :۷۸.

Al-Qur'an al-Karim al-Nisa: 78.

[46] القرآن الکریم سورۃ الاحزاب :۴.

Al-Qur'an al-Kareem Surah Al-Ahzab: 4.

[47] القرآن الکریم سورۃ الانفال : ۱۵.

Al-Qur'an al-Kareem Surah Al-Anfal: 15.

سیرت طیبہ الصلوٰۃ علی صاحبہا کے مطابق کسی بھی بیماری یا وبا کا علاج سنت ہے فرض نہیں۔ اسلام نے کہیں بھی علاج یا علاج کی ہدایات کو فرض قرار نہیں دیا اور نہ ہی سیرت النبی ﷺ و سیر الصحابہ میں ایسی کسی ہدایات کو طاقت و جبر سے نافذ کیا گیا۔ اب تک منظر عام پر آنے والی سائنسی رپورٹس کے مطابق کرونا کا علاج مشکوک ہی ہے تاہم جو علاج سائنس دان دریافت کرنے میں کامیاب رہے ہیں، وہ علاج دنیا کی پچانویں فیصد آبادی کو میسر ہی نہیں۔ ایسی صورت حال میں سیرت طیبہ لوگوں کو آخرت، موت اور رب سے ملاقات کے تصور سے منسلک کرتی ہے۔ سیرت طیبہ میں ایسی کوئی نظیر نہیں پائی جاتی کہ ایسی وبائی صورت حال میں لوگوں کو موت کے خوف سے دہشت زدہ کر دیا جائے۔ سیرت طیبہ الصلوٰۃ علی صاحبہا کے مطابق کسی علاج یا دوا سے مریض کو شفاء نہیں ملتی بلکہ شفاء کا ملنا صرف اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے۔ لہذا اگر میڈیکل سائنس کرونا کے علاج کی کوئی دوا ایجاد کر بھی لیتی ہے تو اس دوا مریضوں کا علاج تو کیا جا سکتا ہے مگر انہیں شفا نہیں دی جا سکتی۔ شفاء صرف اللہ تبارک و تعالیٰ کے حکم سے ملتی ہے جیسا کہ قرآن کریم میں وارد ہوا ہے۔

"وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ"[48]

اس سارے تناظر میں دیکھا جائے تو واضح ہو جاتا ہے کہ کرونا وائرس کی آمد کے بعد تمام مذاہب بشمول اسلام کا تعقل غالب (Discourse) تبدیل ہو گیا ہے اور قرآن و حدیث کو کرونا کی سائنسی علمیت کے تابع کرنے کے بجائے قرآن و حدیث کو جدید سائنسی بیانیوں کے تابع کر دیا گیا ہے۔

نتائج

اس ساری صورت حال میں یہ بات واضح ہوئی ہے کہ کرونا وائرس کی آمد کے بعد دنیا کا پس منظر ہر لحاظ سے تبدیل ہوا ہے لہذا مذہبی معاملات میں بھی خاصی تبدیلی واقع ہوئی ہے۔ اس تبدیلی نے نہ صرف عیسائیت بلکہ اسلامی علمیت کو بھی شدید متاثر کیا ہے اور متجدد علما نے سائنسی بیانیوں پر آمنا و صدقنا کہتے ہوئے قرآن و حدیث سے نت نئے تبدیل ہوتے سائنسی بیانیوں کو ثابت کرنے کی کوشش کی ہے۔ ہر مذہب کے انہی مذہبی متجدد علما کی وجہ سے

---

[48] القرآن الکریم سورۃ الشعراء :۸۰.

Al-Qur'an al-Kareem Surah Al-Shar'a: 80.

تمام مذہبی عبادات، رسومات اور تہواروں پر بھی زبردست اثر پڑا اور تواتر سے چلے آنے والی عبادات و مذہبی رسومات کو یا تو جبراً بند کر دیا گیا یا پھر ان کی ادائیگی کے جدید طریقے متعارف کرائے گئے جو ہر مذہب کی تاریخ اور علمیت سے سراسر متصادم تھے۔

ایسے میں ضرورت اس امر کی ہے کہ قابل تبدیل سائنسی بیانیوں کو حتمی نتیجہ سمجھ کر قبول کرنے اور ان کو قرآن و حدیث سے ثابت کرنے کے بجائے قرآن و سنت کی روشنی میں ان سائنسی بیانیوں اور ان کے نفاذ کی صورت میں پیدا ہونے والے مسائل کا جائزہ لیا جائے۔ روئے زمین پر اسلام ہی ہے جو اللہ تعالیٰ کا پسندیدہ اور کامل مذہب ہے اور اس میں تمام شعبہ ہائے زندگی کے مسائل کا حل موجود ہے لہذا جدید مسائل کے حل کے لیے متجدد علما کی طرف رجوع کرنے کے بجائے راسخ العقیدہ علمائے کرام کی طرف مراجعت کی جائے جو قرآن و سنت کی روشنی میں کرونا وائرس سے پیدا ہونے والے مسائل کا حل نکالیں۔